Vol. II
No. 16



Wednesday
30th September, 1953,

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY
DEBATES
Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Wednesday, 30th September, **1953**

The House met at Half-Past Two of the clock.

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

QUESTIONS AND ANSWERS

(See Part I)

Legislative Business

Shri A. Raja Reddy (Sultanabad) : I beg leave of the House to introduce "The Criminal Procedure Code (Hyderabad Amendment) Bill, 1953".

Mr. Speaker : Motion moved :

شری اے-راج ریڈی- مسٹر اسپیکر سر-یہ ایک معمولی سی ترمیم ہے -ضابطہ فوجداری حیدرآباد کی دفعہ (۱۱۴) میں جو پہلے نافذ تھا اکثر معزز ارکان کو جو پیشہ وکالت سے تعلق رکھتے ہیں اسکا تجربہ ہوگا کہ ہمارے پاس بصیغہ فوجداری بیوی بچوں اور ماں باپ کے لئے نان ونفقہ دلانے کے بارے میں پراویژن تھا جسکی وجہ سے جب کبھی ایسی ضرورت پیش آتی تھی بصیغہ فوجداری درخواست دیکر نان و نفقہ حاصل کیا جاسکتا تھا - لیکن نئے ضابطہ فوجداری کے تحت صرف بیوی بچوں کی حدتک یہ پراویژن محدود ہے - ماں باپ کو اس میں نہیں رکھا گیا ہے اسلئے ہمیں تکلیف محسوس ہو رہی ہے - اس میں شک نہیں کہ ماں باپ کو نفقہ حاصل کرنا ہوتو دیوانی چارہ‌کار موجود ہے لیکن دیوانی چارہ‌کار کے اختیار کرنے میں رسوم وغیرہ کا سوال پیدا ہوتا ہے - نان و نفقہ کی بابت جو رقم ہوتی ہے اوسکا دہ گنا ہزاروں روپیہ ہو جاتا ہے اور اسپر سینکڑوں روپیہ رسوم ادا کرنا پڑتا ہے - یا اگر بصیغہ مفلسی طلب نان و نفقہ کی درخواست کی جائے تو مفلسی کے منظور ہونے تک جو مراحل طے کرنے پڑتے ہیں ان میں کافی دیر ہو جاتی ہے اور جلد تصفیہ نہیں ہوسکتا جو باعث طوالت و دشواری ہے - اسلئے ہمارا خیال یہ ہے کہ پہلے جیسی سہولت ضابطہ فوجداری میں تھی وہ حسب سابق برقرار رکھی جائے تاکہ اون والدین کو جو طلب نان و نفقہ کی کارروائی کرنا چاہتے ہیں سہولت ہو- اس خیال کے تحت میں نے یہ بل پیش کیا ہے - مجھے امید ہے کہ معزز ارکان اس بل کو انٹروڈیوز (Introduce) کرنے کی اجازت دینگے -

منسٹر فارھوم (شری دگمبر راؤ بندو) - مسٹر اسپیکر سر - جس بل کو انٹروڈیوز کرنے کی اجازت چاہی جا رہی ہے اسکے اصول کی حدتک کوئی اختلاف نہیں ہے اور

مجھے بھی ہمدردی ہے - لیکن میں اس چیز کو واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ترمیم ایک ایسے قانون میں لائی جا رہی ہے جو کنکرنٹ لسٹ آف دی کانسٹی ٹیوشن (Concurrent list of the Constitution) میں ہے - اور پارٹ " بی " اسٹیٹس کی پراوینشیل لیجسلیچر اگر کوئی قانون بنانا چاہتی ہے تو اوسے گورنمنٹ آف انڈیا کے مشورہ سے یہاں لانا پڑتا ہے اور بالاخر پریسیڈنٹ کی منظوری حاصل کرنی پڑتی ہے - چونکہ یہ دقتیں ہیں اور گورنمنٹ کو کافی موقع نہیں ملا ہے کہ اسبارے میں تصفیہ کرسکے - ہم کافی غور کررہے ہیں کہ ان مسائل کا تصفیہ ہو جائے - یہ چیزیں حکومت کے زیر غور ہیں - ان حالات کے پیش نظر میں موور آف دی بل سے درخواست کرونگا کہ وہ اس کے لئے پریس (Press) نہ کریں - جیسا کہ میں نے کہا ہم بھی اس مسئلہ سے ہمدردی رکھتے ہیں - اس سلسلہ میں گورنمنٹ کو موقع دیا جائے - موانعات رفع ہو جائیں گے تو گورنمنٹ خود اس قسم کی ترمیم لائیگی - مجھے امید ہے کہ اس تیقن کے بعد موور آف دی بل اپنے موشن کو واپس لینگے -

Mr. Speaker : I would like to invite the attention of Shri A. Raj Reddy to Art. 254 of the Constitution, which says:

"(1) If any provision of a law made by the legislature of a State is repugnant to any provision of a law made by Parliament which Parliament is competent to enact, or to any provision of an existing law with respect to one of the matters enumerated in the concurrent list, then, subject to the provisions of clause (2), the law made by Parliament, whether passed before or after the law made by the legislature of such State, or, as the case may be, the existing law, shall prevail and the law made by the legislature of the State shall, to the extent of the repugnancy, be void.

(2) Where a law made by the legislature of a State specified in Part A or Part B of the First Schedule with respect to one of the matters enumerated in the concurrent list contains any provision repugnant to the provisions of as earlier law made by Parliament or an existing law with respect to that matter, then, the law so made by the legislature of such State shall, if it has been reserved for the consideration of the President and has received his assent, prevail in that State :

Provided that nothing in this clause shall prevent Parliament from enacting at any time any law with respect to the same matter including a law adding to, amending, varying or repealing the law so made by the legislature of the State."

اب سوال یہ ہے کہ کیا یہ پراویژن (Provision) ری پگننٹ (Repugnant) ہے - میں تو ایسا کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں - لیکن ظاہر

ہے کہ پریسیڈنٹ (President) کی اجازت لینی پڑیگی۔

(After the law is passed by the House)

کیا گورنمنٹ اس قسم کے پورے واقعات دریافت کرکے اس پر ....

شری دگمبر راؤ بندو - اس بارے میں مشورہ کرنے کے لئے گورنمنٹ کو موقع دیا جائے - اگر اس بارے میں گورنمنٹ مطمئن ہو جائے تو وہ خود اس بل کو لائیگی - میں آنریبل ممبر موور آف دی بل سے درخواست کرونگا کہ وہ اس موشن کو واپس لے لیں۔

شری اے-راج ریڈی- جوکچھ آنریبل ہوم منسٹر نے فرمایا میں اسکو سمجھ رہا ہوں انہوں نے جو احکام بتائے ہیں اسکے متعلق میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اسکے لحاظ سے یہ چیز آرٹیکل (۲۵۴) کانسٹی ٹیوشن آف انڈیا کی زد میں نہیں آتی - ری پگننٹ ہونے کی صورت میں پریسیڈنٹ کی منظوری کے حاصل کرنے کا لزوم ہے لیکن اس میں کوئی ری پگننسی (Repugnancy) نہیں ہے - جہاں ری پگننسی نہو قانون کے معطل یا ناکام ہونے کا سوال پیدا نہیں ہوتا - ہمارا مقصد یہ ہے کہ یہ چیز جلد سے جلد آئے اور لوگوں کو جو دشواری ہو رہی ہے وہ رفع ہو جائے - اگر گورنمنٹ وعدہ کرتی ہے کہ وہ خود اس میں ترمیم کرے گی تو مجھے اصرار نہیں ہے لیکن اتنا عرض کرونگا کہ جلد اس کی کوشش کی جائے تو مناسب ہے - اتنا کہتے ہوئے میں اس موشن کو واپس لیتا ہوں -

The motion was, by leave of the House withdrawn.

Shri G. Sriramulu (Manthani): Mr. Speaker, Sir, I beg leave of the House to introduce 'The Hyderabad Land Revenue (Amendment) Bill, 1953'.

Mr. Speaker: Motion moved

شری جی سری راملو مسٹر اسپیکر سر - میں جو امنڈمنٹ پیش کررہا ہوں وہ لینڈ ریوینیو ایکٹ (Land Revenue Act) کی دفعہ ۶۷ " اے " سے متعلق ہے- آنریبل ممبرس آف دی ھاؤز جانتے ہونگے کہ ۵ - مارچ سنہ ۵۲ع کو لینڈ ریوینیو ایکٹ میں ایک ترمیم لائی گئی جسکی روسے دفعہ ۶۷ میں ایک دفعہ کا اضافہ کیا گیا جسکو ۶۷ - الف کہا جاتا ہے۔ جسکے تحت شکمیداروں کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے انکو پٹہ داری کے حقوق خریدنے کے لئے ایک نرخ مقرر کیا گیا ہے کہ آٹھ گنا سے کم نہو اور دس گنا سے زیادہ نہو - مالگزاری کی رقم جو مقطعہ دار سرکار کو ادا کرتا ہے اور شکمیدار جو رقم مقطعہ دار کو ادا کرتا ہے اوسکی درمیانی رقم یا فرق کو بیسک (Basic) قرار دیا جارہا ہے اور اسکا کم از کم آٹھ گنا اور زیادہ سے زیادہ دس گنا کیا گیا ہے۔ میں گورنمنٹ کو دھنیواد دیتا ہوں کہ اوس نے ایک ایسا قدم اٹھایا ہے کہ جسکی وجہ سے لوگوں کو شکمیداری کے سرٹیفکیٹس عطا کئے جارہے ہیں ورنہ شکمیدار کے لئے کوئی ایسے ذرائع نہ تھے کہ وہ شکمیدار کہا جاسکے - جب قولداروں کے لئے دفعہ (۱۱) میں

رنٹ کم کیا جارہا ہے ، حق خریداری کے ساتھ ساتھ قیمتیں بھی کم کی جا رہی ہیں اور سرپلس لینڈ جو حکومت لینے والی ہے اوسکی قیمتوں میں بھی کمی کی جا رہی ہے تو معلوم ایسا ہوتا ہے کہ حکومت اپوزیشن کے دباؤ سے کچھ جھک رہی ہے - ٦٧ الف کے تحت شکمیدار کو حقوق دئے گئے ہیں اور حق خریدی کے لئے او سے ٨ تا ١٠ ٹائیمس قیمت اس فرق پر ادا کرنی پڑتی ہے- بڑے افسوس کی بات ہے کہ جب پٹہ داروں کے مماثل شکمیداروں کو جگہ دیکر انکو حقوق دئےگئے ہیں تو ایسی صورت میں اس کے لئے اتنی زیادہ قیمت رکھنا میری رائے میں کسانوں کی بھلائی چاہنے والوں کے لئے مناسب نہیں ہے - البتہ آپ ایسے شکمیداروں کے بارے میں کہیں گے جو دیوانی لینڈس (خالصہ لینڈس) میں ہیں تو میں کہونگا کہ انکو سکشن (٣) میں رکھا جاسکتا ہے - سکشن ٣ میں (٣) ٹائیمس ہے ٹیننسی کمیٹی کی رپورٹ کے بموجب دفعہ (١١) میں رنٹ (٣) ٹائیمس رکھا گیا ہے - میں نے ذرا کم کرکے تھری ٹائیمس (Three times) رکھا ہے تاکہ ایک سال کا رنٹ دیکر شکمیداران پٹہ کا حق خرید سکیں - البتہ بالمقطعہ میں یہ ہے کہ :-

When the shikmidars are there right from the birth of Bilmaqthas and they are paying since ages to the Bilmaqthedar, I do not find any reason why the Government should ask them to pay not less than 8 times and not more than 10 times.

میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرح قولداروں کی بیدخلیاں کم کرنے کی باتیں کی جا رہی ہیں اوسی طرح بالمقطعوں کے شکمیداروں کے لئے بھی قدم اٹھانا چاہئے - لیکن شکمیداروں کے لئے (٨) ٹائمس رکھا گیا ہے اگر میگزیمم (١٠) ٹائم رکھا جاتا تو ڈپٹی کلکٹرس ریزن ایبل پرائیس (Reasonable price) فکس کرنے کے لئے چار پانچ گنا تک رکھ سکتے تھے - لیکن ڈپٹی کلکٹرس کو چار پانچ گنا تک آنے نہیں دیا گیا - یہ حکومت کا منشاء ہے کہ کم از کم آٹھ گنا مقطعہ داروں کو دینا چاہئے - یہ بہت افسوس کی بات ہے - چند مقطعوں میں اکچول ریوینیو (Actual Revenue) بڑھ کر لیا جاتا ہے- حالانکہ قانون بھی ہے کہ اکچول ریوینیو سے بڑھ کر بالمقطعہ دار وصول نہ کرنا چاہئے- آنربیل منسٹر فار ریوینیو جانتے ہیں کہ اس سے زیادہ وصول نہیں کیا جاسکتا - گشتیاں بھی ہیں اسکے باوجود مقطعوں میں حکومت کو اندھیرے میں رکھ کر ناجائز طور پر زیادہ وصول کر رہے ہیں -

The difference between the actual rent paid by the Shikmidar to the Maktadar and the actual land revenue paid by the Maktadar to the Government.....

یہ دو الفاظ وہاں پر رکھ کر حکومت خود مقطعہ دار کو زیادہ وصول کرنے کے لئے مزید سوشن (शोषण) کرنے کا موقع دے رہی ہے - سرکیولر (٢٨) آف سنہ ١٣٢١ ف میں یہ کہا گیا ہے کہ وہ لوگ حسب معمول وصول کرسکتے ہیں - ریوینیو بورڈ سے دو تین دن پہلے میرے پاس خط وصول ہوا تھا اوس میں لکھا ہے کہ سرکیولر (٢٨) کی

کوئی ضرورت نہیں البتہ بغیر اسکو کینسل (Cancel) کئے کسی مقطعہ دار
کو یہ حق نہیں ہوگا کہ وہ اکچول ریوینیو سے بڑھ کر وصول کرے۔ ایسی شکایتیں ہوں
کہ کوئی بالمقطعہ دار ایسا کررہا ہے تو ریوینیو بورڈ یا تعنقدار کے پاس درخواست
دے سکتا ہے۔ اسطرح زیادہ وصول نہ کرنے کے متعلق انتظام کیا جائیگا ۔ یہ جو الفاظ ہیں

The difference between the actual rent paid by the Shikmidar to the Maktadar and the actual revenue paid by the Maktadar to the Government.

ان دونوں میں اکثر کوئی فرق نہیں ہوتا ۔ اس کو ریوینیو بورڈ بھی تسلیم کرتا ہے ۔
اس دفعہ میں کم از کم (۸) ٹائمس رکھا گیا ۔ میں نے سکشن ٦٧ (اے) کے بعد سکشن
(بی) ایڈ (Add) کیا ہے ۔ اس میں خاص کر بالمقطعوں کے جتنے بھی
شکمیدار ہیں جنہوں نے زمین کو صاف کیا زمین کو سدھار کر مقطعہ دار کو مقطعہ دار
بننے کی تعریف میں لائے ہیں اور جو پہلے سے ہر چیز کے ذمہ دار تھے اور آج مالک
بن رہے ہیں ایسے لوگوں کو حق پٹہ خریدنے کے لئے کم از کم (۸) ٹائمس آپ نے رکھا
ہے جو ان گوں کے لئے ناقابل برداشت ہے جس طریقہ سے شکمیدار کو سرٹیفیکیٹ دیتے
ہیں جس طرح اون کے رجسٹر تیار ہوتے ہیں اس طریقہ سے ان سے کوئی فیس لیکر ان کو
بھی پٹہ داری کا سرٹیفیکیٹ دیا جانا چاہئے تو میں کہتا ہوں مسئلہ حل ہو جائیگا ۔
جتنے بھی بالمقطعہ جات ہیں مقطعہ داروں کو وہاں جو سہولتیں دیتے ہیں تو جو
شکمیدار ہیں اون کا بھی لحاظ کرنا چاہئے اون کو پٹہ دار قرار دینا چاہئے ۔ اسکو کرنے
کے لئے ۸-۰۱ گنا فیس جو بالمقطعہ دار کو دینگے یا دلوائینگے تو یہ اماؤنٹ (Amount)
شکمیداروں کے لئے سوشن (शोषण) ہوتا ہے وہاں ایسے بھی مقطعہ دار
ہیں جو شکمیداروں کو قولدار سمجھ کر اون کی زمینات سے اکچول قیمت خرید زمینات
قولی پر وصول کرلئے ہیں جو خلاف قانون ہے اس طرح جو پیسہ وصول کئے ہیں اوسکے
واپس دلوانیکے لئے میں سکشن (٦٧) (سی) کے تحت ریٹرا سپکٹیو ایفکٹ
(Retrospective effect) دینا چاہتا ہوں۔ کیونکہ بہت سے مقطعہ دار ایسے ہیں
جو شکمیداروں کے حقوق چھین کر اون سے پیسہ لیکر اون کا سوشن (शोषण)
کرکے کیپٹل (Capital) جمع کرلئے ہیں ۔ ایسے لوگوں سے پیسے شکمیداروں
کو واپس دلائینگے تو سکشن (اے) کا مقصد پورا ہوگا ۔ اسلئے میں نے سکشن (٦٧)
(سی) کے تحت ریٹراسپکٹیوافکٹ رکھا ہے یہ ریٹراسپکٹیو افکٹ پولیس ایکشن کے بعد
سے رکھنا چاہتے ہیں تو رکھئے یا اس میں ردوبدل کرکے لیجسلیٹیو اسمبلی کی بگننگ
(Beginning) سے رکھنا چاہتے ہیں تو رکھئے ۔ یہ آپ کی مرضی ہے ۔
یہ باتیں ہمارے تجربہ میں ہیں اس لئے ہم نے اسکو رکھا ہے ۔ آپ کے گزٹ میں بھی
سکشن (٦٧) اے کے متعلق ایک ترمیم ہے جو ٥ ۔ مارچ سنہ ٥٢ع کو آیا ہے اور پریپریشن
آف سرٹیفیکیٹس (Preparation of certificates) سنہ ٥٢ع کے ختم پرہوگئے
اس سے بچنے کے لئے بہت سے بالمقطعہ داروں نے ان ۹ مہینوں میں زمینات شکمیداروں
کو بیچ دی ہیں جسطرح لینڈ لارڈس ٹیننٹس کو دفعہ (۳۸) کے تحت بیچتے ہیں ۔اس طرح ٦٧۔ اے کی

وجہ سے شکمیداروں کو فائدہ نہیں پہنچا - (۸) ٹائمس جو رکھا گیا ھے شکمیداروں کے لئے وہ ناقابل برداشت ھے - اس وجہ سے پورا کم کرنا چاھئے - البتہ حقوق پٹہ داری منتقل کرنے کے لئے آپ چاھیں تو فیس لے سکتے ھیں - اسکی وجہ سے بالمقطعہ داروں کا فائدہ ھونے کی بجائے گورنمنٹ کا فائدہ ھوسکتا ھے - اس سلسلہ میں کوئی پیچیدہ مسئلہ یا ٹکنیکل پیچیدگی نہیں - ٹیننسی کا مسئلہ حل ھونے تک یہ مسئلہ رھیگا جب ٹیننسی ختم ھو جائیگی اور ٹیننٹس پٹہ دار بن جائینگے اوس وقت یہ مسئلہ حل ھو جائیگا - جب تک ٹیننٹ پٹہ دار نہیں بنینگے یہ مسئلہ ایسا ھی رھیگا جب تک کیچڑ رھیگا ھم کو دھونا پڑیگا اسلئے میں نے اس کیچڑ کو نکال دیا ھے کہ نہ رھے- کیچڑ نہ اوسکو دھونا پڑے اس لئے بجائے مقطعہ دار کو شکمیدار سے رقم دلانے کے فیس پٹہ لیکر پٹہ داری کے سرٹیفیکیٹس شکمیداروں میں تقسیم کئے جائیں تو حکومت قابل " دھنیہ واد " ھوگی - اسی طرح سکشن (۶۷) میں ۱-۲-۳ کے ضمن رکھ کر میں اسکو ریٹراسپکٹیو افکٹ بھی دیا ھوں - اور میں نے اس میں یہ بھی رکھا ھے کہ شکمیداروں سے بالمقطعہ داروں کو کچھ بھی نہیں لینا چاھئے -

Without paying anything to the Maktadar, the patta rights should be transferred in the name of Shikmidar.

یہ میں نے اس میں رکھا ھے - اور (۶۷) (سی) میں ریٹراسپکٹیو افکٹ دلانے کے لئے رکھا ھے - جن مقطعہ داروں نے اب تک جو سوشن کیا ھے اور جنھوں نے قانون کی زد میں نہ آتے ھوئے حکومت کو دھوکہ دیکر (۶۷) (اے) کے پروویژن سے استفادہ کا موقع نہ دیتے ھوئے پیسہ وصول کرچکے ھیں ایسے لوگوں سے ریٹراسپکٹیو افکٹ کے ساتھ رقم واپس دلوانے کے لئے میں ایکسکشن پرووائڈ کیا ھے - دیوانی میں (۳) ٹائمس رکھا گیا ھے اس کے لئے مجھے کوئی عذر نہیں ھے - اور (۱۲) سال سے جو شکمیدار رھیں ویسے لوگوں کے لئے

"3 times revenue" means, as you have fixed in sec. 11 of the Tenancy Select Committee Report....

ایک سال کا رینٹ دیکر حق پٹہ داری بحق شکمیدار خرید لیا جاسکتا ھے - یہ فری آف پے مینٹ ٹو دی مقطعہ دار (Free of payment to the Maqtedar) میں پٹہ بحق سرکار لیا جاکر پٹہ داری کے رائٹس ٹرانسفر کرنے کے لئے میں نے رکھا ھے - کیونکہ آج زمانہ کا تقاضہ یہی ھے - زمینات کی قیمتیں کم ھو رھی ھیں اور دفعہ (۱۱) کے تحت رنٹ کم ھو رھا ھے - سکشن (۶۷) اے کا فائدہ اون شکمیداروں کو پہنچانے کے لئے جو کئی سالوں سے چلے آرھے ھیں اور جنھوں نے بالمقطعہ داروں کو کافی رقم ادا کی ھے (۸) گنا جو رکھا گیا ھے اسکو نکال دینا چاھئے - اوسکے علاوہ یہ بھی قانون ھے کہ ریوینیو سے بڑھ کر رنٹ نہیں لے سکتے اور مقطعہ داروں کو اس لئے اب شکمیداروں کو کچھ دینا نہیں کیونکہ " زیرو " (Zero) کا (۱۰) ٹائمس کچھ بھی نہیں ھوتا کافی رقم حاصل کرلی ھے تو شکمیداروں سے صرف فیس پٹہ داری لیکر منتقل کرنا چاھئے - اسکے بعد مسٹر اسپیکرسر سکشن (۷۴) کے بارے ترمیم پیش کیا ھوں - یہ ھمارا تجربہ ھے اور تحصیلداروں اور وکلاء صاحبان کا بھی تجربہ ھے کہ

جب ایوکشنس (Evictions) ھوتے ھیں یا ٹیننسی ایکٹ کے علاوہ دیگر سلسلہ میں بید خلیاں ھوتی ھیں تو اون کے روکنے کے لئے ھمارے کسانوں اور شکمیداروں کو منصف کی کچھری کو جانا پڑتا ھے - ریوینیو بورڈ سے سرکیولر (۱۸۳۵) ڈیٹیڈ (Dated) ۲۸- اگسٹ سنہ ۵۲ع نکلا گیا تھا اس میں یہ کہا گیا ھے کہ :-

For such protected tenants of the status of Shikmidars and Bilmaktadars, as per sec. 67-A of the Land Revenue Act, the Hyderabad Tenancy and Agricultural Lands (Amendment) Act, of 1950 would cease to apply. It would cease to apply to the land in their occupation.

تو شکمیدار اگر بیدخل ھو جائے تو اوسکو حق ھوگا کہ دفعہ (۷۴) کے تحت عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائے - اور وکیلوں کو فیس دیکر کھڑا کرے - جاگیروں کے جو ریسنٹلی مرجڈ لینڈس (Recently merged lands) ھیں وھاں قولداروں کو پٹہ دار قرار دیا گیا ھے - لیکن یہاں مقطعہ داروں کے حقوق بچانے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا - ھماری حکومت سے یہی گلہ ھے کہ جو کام بھی حکومت کرتی ھے وہ سفید کاغذ کو سیاہ کرنے کے لئے کرتی ھے - اوسپر عمل کرانے کے لئے کوشش نہیں کرتی - تہہ تک حکومت نہیں پہنچتی - جاگیرات میں پٹہ منتقل کرنے کے بعدبھی بیدخلیاں کی جاتی ھیں کیونکہ جاگیر دار طاقتور رھتا ھے - صحیح طور پر دیکھا جائے تو (He need not evict ; اور اسی طرح (but if he evicts.

جب شکمیدار کو بالمقطعہ دار ایوکٹ کرتا ھے تو کہاں پروسیجر (Procedure) رکھا آپ نے ! ایک شخص پربوک لینڈ ۱۰ - ۱۲ سال تک کاشت کرتا ھے اور جو بیدخل ھوگا

Which do not come under the Tenancy Act and which are not to be dealt under the Tenancy Act.

تو ان کے لئے کوئی چارہ‌کار نہیں ھے (۷۴) بھی نکال دیا گیا ھے - میں حکومت کی نیت پر شبہ نہیں کرتا - حکومت کی یہ نیت تھی کہ (۷۴) کے رکھنے سے جاگیرداروں - زمینداروں اور لینڈ لارڈس (Landlords) کو اس کے حیلہ سے ھر قولدار کو نکالدینے کا موقع ملےگا - اسی وجہ سے دفعہ (۷۴) نکال دیا گیا ھے - مگر میں بھی تو ایسی نیت رکھا ھوں - لاسٹ (Last) میں میں نے یہ امنڈمنٹ لایا ھے -

After the sentence of the repealed 74 "but no cognizance of any such case shall be taken by the Revenue Department if" add the following :

"It is to be dealt under Tenancy Act or"

So, if the case has to be dealt under the Tenancy Act, it will be dealt under that.

اگر ٹیننسی ایکٹ کے تحت ڈیل (Deal) کرنا ھے تو اوسکے لئے یہ نہ ھوگا لیکن اگر ٹیننسی ایکٹ کے تحت ڈیل نہ ھو تو

—

But if the case is not dealt under the Tenancy Act and the land does not come under the purview of the Tenancy Act, then the Tahsil should take cognizance of that. That is the meaning.

اسلئے یه جو امنڈمنٹ میں رکھا ہوں وہ حکومت کا منشاء پورا کرتے ہوئے لایا ہوں - لیکن

The lands which do not come under tenancy

یعنی شکمیدار لینڈ ٹیننسی میں نہیں آتا تو میرے خیال سے

Shikmidar's right is better than and more than that of the tenants Shikmidar is already an equivalent to the Pattedar.
اس لئے شکمیدار بھی اس ضمن میں داخل ہو جاتا ہے - جب حکومت کے پاس چارہ‌کار نہیں تو اس کے لئے عدالت کا دروازہ کھلا رہتا ہے - اگر آپ کو خدشه ہو که اسکے بعد جتنے کیسس (Cases) آئینگے اونکو (۴۷) میں لیکر قولداروں کو پریشان کرینگے تو یه آپ کی بہترین نیت ہے یه اچھا مقصد ہے اسکو وہاں پر رکھتے ہوئے اسکو قبول کیا جاسکتا ہے - میں نے اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس (Statement of Objects and Reasons) بتلایا ہے - چونکه (Other than tenancy lands) کے بارے میں کوئی چارہ‌کار نہیں اس لئے اس نقطه نظر کو پیش نظر رکھ کر میں حکومت سے اپیل کرونگا که اس پرغور کیا جائے - جب ٹیننٹ کے لئے رینٹ کو کم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے تو شکمیدار بھی چونکه (From the very birth of the Bilmaktadars) چلا آرہا ہے اور اب تک بالمقطعه دار کو کافی رقم دے چکا ہے اس لئے بالمقطعه دار کو رقم دلانے کی بجائے فیس پٹه لیکر شکمیداروں کا فائدہ کیا جائے - اسکی وجه سے آج ہزاروں شکمیداروں کو فائدہ ہوسکےگا - اور حکومت کا بھی جو انٹنشن (Intention) ہے که سکشن (۶۷) اے کے تحت اون کو حق ملے وہ بھی پورا ہوسکیگا - اگر آنریبل ریوینیو منسٹر اسکو مان لیں تو اچھا ہوگا - اگر وہ چاہیں تو اس میں کوئی رد و بدل کرسکتے ہیں - وہ امنڈمنٹ کے ذریعه لاسکتے ہیں - اکسپریمنٹ کے لحاظ سے - حالات کے لحاظ سے جو تجربه ہوا ہے اور ہم کو بحیثیت ایم - ایل ایز جو ڈیفیکلٹی (Difficulty) محسوس ہو رہی ہے اوسکے پیش نظر یه مسودہ قانون ترمیم پیش کیا گیا ہے - آپ بحیثیت منسٹر امنڈ منٹ لا سکتے ہیں چونکه ٹریژری بنچس میں ہیں فوراً ہی امنڈ منٹ لاسکتے ہیں - ترمیم منظور کرا سکتے ہیں - لیکن ہماری بھی جو ڈیفیکلٹیز (Difficulties) ہیں وہ ہم نے پیش کی ہیں کیونکه We are also workers on the field - اس لئے اس پر اس نقطه نظر سے سوچا جائے تو مناسب ہے -

منسٹر فار اکسائز، فاریسٹس، کسٹمس اینڈ ریوینیو (شری کے - وی - رنگا ریڈی)- مسٹر اسپیکرسر - قانون مالگزاری آراضی میں ترمیمات پیش کی گئی ہیں - ایک دفعه ۶۷ میں ہے اور دوسری ترمیم دفعه ۴۷ پھر سے قائم کئے جانے کے متعلق ہے - دفعه ۶۷

میں جو اضافہ کیا گیا ہے وہ لینڈ اڈوائزری کمیٹی کی سفارشات کی بناء پر کیا گیا ہے جس میں میں بھی تھا ۔ اسکی غرض یہ تھی کہ عام آراضیات کے قولداروں کے ساتھ جو مراعات قانون قولداران میں رکھے گئے ہیں اس سے زیادہ مراعات ان قولداروں کے ساتھ ہونے چاہئیں جو اجارہ کے قولدار ہیں ۔ اور معزز ممبر صاحب کی تقریر کا بھی غالباً یہی منشاء ہے ۔ لیکن جو ترمیم معزز ممبر کی جانب سے پیش کی گئی ہے اس سے تو یہ مراعات مفقود ہو جاتے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ جب غرض کی حدتک معزز ممبر متفق ہیں تو پھر یہ ترمیم کیوں پیش کی گئی ۔ بمقابلہ قولدار کے اجارہ کے قولداروں کو زیادہ رعایت ہونی چاہئے کیونکہ اجارہ کے قولدار جنگل وغیرہ صاف کرتے اور اسکا خرچہ برداشت کرتے ہیں ۔ اسکے برعکس معمولی قولداروں کو نہ زیادہ محنت ذات سے کرنی پڑتی ہے اور نہ خرچہ برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ شکمیداروں کے قواعد میں بھی یہی ہے کہ اگر وہ ابتدائے مزارعت سے کاشت کرتے ہیں تو وہ شکمیدار سمجھے جائینگے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ ابتدائے مزارعت سے پٹہ‌دار کے ساتھ شریک ہوں ۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا وہ اپنی ذات سے زیادہ رقم برداشت کرتے ہیں اسلئے صرف مالگزاری سے آٹھ گنا معاوضہ دینے کی ذمہ داری عائد کی گئی ہے ۔ معزز ممبر صاحب نے اپنی تقریر میں یہ بتلایا ہے کہ اس کا ڈفرنس زیروہوتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے تو آپ کا منشاء اور بھی زیادہ اچھی طرح پورا ہوتا ہے ۔ کیونکہ اس ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ قولدار کو کم سے کم معاوضہ اداکرنیکی ضرورت ہو ۔ حکومت نے ٹیننسی ایکٹ میں جو معاوضہ مقرر کیا ہے وہ خشکی کے ریگڑی اراضیات کے لئے زر مالگزاری کا (۷۰) گنا ہے ۔ اراضی چلکہ کے لئے ساٹھ گنا اور تری زمینات کے لئے ۴۲ گنا ہے ۔ اجارہ دار قولداروں کے لئے آٹھ گنا ہے اور معزز ممبر کے استدلال کے لحاظ سے وہ بعض صورتوں میں زیرو تک بھی پہنچتا ہے ۔ کیونکہ ابتدائے مزارعت سے کاشتکار ہونے کی وجہ سے سرکار (۱۰) سال تک نصف زر مالگزاری لیتی ہے ۔ اسکے بعد رفتہ رفتہ تیس سال کے عرصہ میں خشکی زمینات کی پوری مالگزاری لیجاتی ہے ۔ اسکے بعد بندوبست کردیا جاتا ہے ۔ ہمیشہ کے لئے اجارہ کی مقروہ اراضی پر سرکار نصف دھارہ لیتی ہے ۔ بوجوہ بالا اجارہ‌دار قولدار کو معمولی مالگزاری میں قول دیتے ہیں ۔ اسلئے اس پر اسقدر رقم کا اضافہ نہیں ہوا ہے جس قدر کہ معمولی اراضیات کے قولداروں پر ہوا ۔ اس سے ظاہر ہے کہ اجارہ کے قولداروں کو جو معاوضہ مقرر کیا گیا ہے وہ بہت مناسب ہے ۔

دفعہ ۷٦ میں اجارہ‌داروں کے قولداروں کو شکمیدار بنانے کے لئے جو اضافہ کیا گیا ہے وہ موجودہ حالت ہی میں زیادہ بہتر ہے ۔ اگر معزز ممبر کی مجوزہ ترمیم منظور کی جائے تو اس سے بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا ۔ اس وجہ سے اس میں کسی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے ۔

دفعہ ۷۴ میں ترمیم کی نسبت تحریک پیش کی گئی ہے ۔ دفعہ ۷۴ کو آج سے پچاس سال پہلے ہی خارج کردیا جانا چاہئے تھا اگرچیکہ قانون مالگزاری سنہ ۱۳۱۷ ف

میں مدون کیا گیا لیکن اس سے پہلے بھی گشتی نشان ۱۲ بابتہ سنہ ۱۳۰۲ھ کے ذریعہ بھی عہدہداران مال کو اختیارات دیئے گئے تھے ۔ عملا تو قانون مالگزاری مدون ہونے کے بعد ھی یہ دفعہ وضع کیا گیا۔ بالکلیہ اسی نوعیت کا دفعہ ضابطہ فوجداری میں دفعہ ۱۴۵ اور داد رسی خاص میں دفعہ ۷ ہے جو ایک ھی اصول پر مبنی ہیں ۔ اگر کوئی شخص زبردستی نقض امن برپا کرکے اراضی پر قبضہ کرنا چاھتا ہے یا کرے تو اسکے لئے ضابطہ فوجداری کے دفعہ (۱۴۵) کے تحت کارروائی ہوسکتی ہے اور اندرون دو ماہ کارروائی کرکے اسکو بیدخل کرنے کے احکام ہیں ۔ اسی طرح داد رسی خاص کے دفعہ (۷) کے تحت اگر کوئی شخص ناجائز طور پر قابض ہو جاتا ہے تو اس کے لئے ۶ مہینے کے اندر کارروائی کی جاسکتی ہے ۔ اسی طرح مالگزاری کا بھی یہ دفعہ ۴۷ ہے ۔ عدالتوں میں ان تینوں دفعات سے متعلق بارہا بحث ہوئی ہے کہ ان دفعات کی موجودگی سے نزاعات بڑھتے جاتے ہیں ان کو حذف کرنا چاہئے۔ دفعہ ۴۷ قانون مالگزاری اراضی سے متعلق یہ محسوس کیا گیا ہے کہ مال کے عہدہداران کو انفصالی کام میں زیادہ مشق نہیں ہوتی دوران مقدمہ میں اراضی سررشتہ مال کی زیر نگرانی رکھی جائے تو اس سے رعایا کو نقصان پہنچتا ہے یہ رعایا ۔ حکماں اور وکلاء کی متفقہ تجویز تھی ۔ اسلئے سالہا سال کے تجربہ کے بعد اس دفعہ کو نکال دیا گیا ۔ کسی نہ کسی وجہ سے سابقہ حکومت انتظامی حکاموں کے اختیارات باقی رکھنا چاہتی تھی اسلئے اس دفعہ کو برقرار رکھا گیا تھا ۔ لیکن اب واجبی طور پر انصاف کرنا مقصود ہے اسلئے انتظامی حکاموں کے ھاتھ میں ایسے اختیارات نہ رہنے کے لئے یہ دفعہ نکالدیا گیا اگر اسکو پھر قائم کیا جائے تو بجائے فائدہ کے عوام کو نقصان ہوگا ۔ اس دفعہ کو لانا گویا پرانے زمانے کو واپس لوٹانا ہے ۔

یہ کہا گیا ہے کہ قولداروں کو ریلیف (Relief) ملتا ہے ۔ ریلیف سب کو برابر ملتا ہے کیونکہ پٹہداروں کے جو حقوق ہوتے ہیں اسکے مماثل حقوق شکمیداروں کے بھی ہوتے ہیں البتہ فرق اتنا ہے کہ پٹہ داروں کے نام کھاتہ دار کی حیثیت سے شریک ہوتے ہیں شکمیداروں کا نام خانہ شکمی میں شریک ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ فروخت وغیرہ کرنے سے متعلق جملہ حقوق وہی ہیں جو پٹہ دار کے ہوتے ہیں ۔ اگر آنریبل ممبر چاہتے ہیں کہ جس طرح محفوظ قولداروں کا تحفظ کیا جاتا ہے اسی طرح شکمیداروں کا تحفظ کیا جائے تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ حصہدار اور شکمیدار میں کیا فرق ہے ۔ اس میں کوئی فرق نہیں ہوتا ۔ ایسی صورت میں حصہدار کی حفاظت کیوں نہیں کرنا چاہئے ؟ فرض کرو کہ ایک شخص جسکے چار بیٹے ہیں فوت ہو جاتا ہے تو چاروں اسکے وارث ہوتے ہیں ۔ جب اس اصول کو مانتے ہیں تو سررشتہ مال سے اسکی حفاظت کرنی پڑتی ہے۔ اسی طرح ایک پٹہدار دوسرے پٹہدار کو بیدخل کرتا ہے تو اسکا تحفظ کرنا پڑتا ہے ۔ اگر ایسا ہوتو رفع مزاحمت کے تحت اسکا تحفظ بھی ہوسکتا ہے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ عدالت دیوانی کے بعض اختیارات سررشتہ مال کے تفویض کرنا پڑتا ہے۔

میرے معزز دوست کو میں یہ اطمینان دلانا چاہتا ہوں کہ بہ نسبت انتظامی محکموں کے عدالتوں میں زیادہ انصاف ہوتا ہے ۔ عدالتوں میں غریبوں کی داد رسی ہوتی ہے کیونکہ وہاں مقدمہ ٹھیک طریقہ پر جانچا جاتا ہے ۔ اگر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ وہاں پیسے والے کامیاب ہوتے ہیں تو وہ غلط ہے ۔ میں آپکو بتلاتا ہوں ۔ منصفی میں ایک مقدمہ رجوع ہوتا ہے اسی سال ہائیکورٹ تک آجاتا ہے ۔ لیکن میرے پاس رفع مزاحمت کا ایک مقدمہ ۱۰ سال کے بعد پیش ہوتا ہے اس کو اگر میں منظور بھی کروں تو وہ تکمیل تحقیقات کے لئے واپس جاتا ہے کیونکہ اکثر عذر ابتدائی کے منظور یا نامنظور ہونے کے بناء پر ھی آتا ہے ۔ مجھے یہ تسلیم کرنے میں ذرہ برابر بھی پس و پیش نہیں ہے کہ عدالت کے حکام جسطرح صحیح معنوں میں تحقیقات کرتے ہیں اور جس طرح وہ کارروائیوں سے واقفیت رکھتے ہیں حکام مال ویسی واقفیت یا مہارت نہیں رکھتے ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ روزمرہ انہیں انفصالی کام نہیں کرنا پڑتا ۔ انہیں دورہ کا کام ہوتا ہے ۔ اسکے علاوہ آئے دن جو قوانین پاس ہوتے رہتے ہیں ان تمام سے وہ اچھی طرح واقف نہیں ہوسکتے ۔ آج ٹیننسی کا قانون آتا ہے ۔ کل اراضیات کو ترقی دینے سے متعلق قانون آتا ہے ۔ اسکے علاوہ عہدہ‌داران مال کا تعلق نظم و نسق کے جملہ محکموں مثلاً سپلائی وغیرہ سے ہوتا ہے جسکی وجہ سے انکی مصروفیت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے ۔ اس لئے سابقہ حکومت کے زمانے میں وہ جتنا کام کرسکتے تھے آج اتنا بھی نہیں کرسکتے باوجود اسکے کہ وہ پہلے کے عہدہ‌داروں کی بہ نسبت زیادہ قابل ہیں ۔ زیادہ دیانتدار ہیں اور زیادہ محنتی ہیں ۔ لیکن سررشتہ مال کے حکاماں کی ذمہ‌داریاں اتنی بڑھ گئی ہیں کہ ان پر انفصالی کام کا بوجھ ڈالنا کسی طرح مناسب نہوگا ۔ بلکہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ قوانین و احکام سررشتہ مال میں ایسی ترمیم کی جانی چاہئے کہ عہدہ‌داران مال کو کسی مقدمہ کی سماعت کا اختیار نہ رہے ۔ ایسی صورت میں رعایا کے حق میں زیادہ انصاف ہوگا ۔ ایسی تحریک میں نے پیش کردی ہے جو ابھی زیرغور ہے ۔ ایسی صورت میں بھی آپ یہ چاہتے ہیں کہ مقدمہ کی سماعت کا اختیار تحت دفعہ ۹۷ سررشتہ مال کو دیا جاناچاہئے تو اس کے لئے یہ ترمیم کسی طور پر پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس وجہ سے میں نریبل ممبر سے یہ درخواست کرونگا کہ وہ ان دونوں ترمیمات سے دستبردار ہوجائیں ۔

شری جی ۔ سری راملو ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ آنریبل منسٹر نے یہ فرمایا کہ بہت سے دفعات ’’ زیرو ،، ہوتے ہیں ۔ دفعہ ۳ میں جو تھری ٹائمس رکھا گیا ہے اس بارےمیں کوئی جواب نہیں دیا ۔ ایسے بہت سے مقطعہ‌دار ہیں جو شکمیدار کو ٹیننٹ سمجھکر شوشن کئے ہیں ۔ ان کے بارے میں بھی ہمدردی ہے ۔ اور رٹراسپکٹیو افکٹ کے بارے میں بھی آنریبل منسٹر نے کوئی جواب نہیں دیا ۔ میں آنریبل منسٹر سے اسکی وضاحت چاہتا ہوں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ انہوں نے جو کچھ کہنا تھا کہدیا ۔

شری جی ۔ سری راملو ۔ میں آنریبل ریوینیو منسٹر سے یہ کہونگا کہ جب انہوں

نے یہ قبول کرلیا ہے کہ بہت سے دفعات میں فرق زیرو (Zero) ہوتا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ان کے رکھنے میں مضائقہ نہیں ہے مگر میں یہ کہونگا کہ زیرو نہیں ہے بلکہ بہت سی جگہ سرکیولر کے خلاف ایک روپیہ کی جگہ ڈیڑھ روپیہ دو روپیہ حاصل کرتے ہیں ۔ اسلئے مقطعہ داروں کو دلانے کی خاطر رکھا گیا ہے یہ چھپانے کی بات نہیں ہے ۔ جب دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ یہ فرق زیرو ہے تو اسکو نکالنے میں کیا امر مانع ہے ؟ خالصہ کے جو شکمیدار ہیں انکے بارے میں تہری ٹائیمس رکھا گیا ہے ۔ میں صرف خالصہ کے شکمیداروں کو تہری ٹائیمس میں نہیں رکھا ہوں میں نے خود بیان کیا ہے کہ دو قسم کے شکمیدار ہیں ۔ ایک خالصہ کے دوسرے بالمقطعہ کے جو ایک جگہ بالمقطعہ پر ہیں اور جنہوں نے محنت کرکے اراضی کو ہموار کیا ہے ۔ ایسے لوگوں کو معاف کرنے کے لئے میں نے کہا ہے ۔ آنریبل منسٹر کہتے ہیں کہ عدالتوں میں زیادہ انصاف ہوتا ہے مگر کیا کسان عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے ۔ کیا سشن جج یا منصف اسپاٹ (Spot) پر جاکر بالمقطعہ دار یا شکمیدار سے ملکر اسپاٹ انکوائیری (Spot enquiry) کرتا ہے ۔ ظاہر ہے کہ جو اسپاٹ انکوائری ہوتی ہے اس میں زیادہ انصاف کی امید رہتی ہے ۔ ورنہ عدالت میں تو بناوٹی شہادتوں پر ہی فیصلہ ہوجاتا ہے "We seldom find justice here"

آپ اگر گاؤں میں جائیں اور اسپاٹ پر اڈجیسنٹ (Adjacent) مقامات کے کسانوں اور لینڈ لارڈز سے واقعات معلوم کریں تو سنٹ پرسنٹ جسٹس مل سکتا ہے ۔ آپ تو کہتے ہیں کہ مقطعہ دار اور شکمیدار ایک ہی ہیں ۔ شکمیدار جو اکچول ٹلرس (Actual tillers) ہیں جو اسٹیٹ میں ۳۰ فیصد ہیں انہیں اور ان مقطعہ داروں کو جو یہاں شہر میں بیٹھکر سینمائیں چلاتے ہیں جو کیپیٹلسٹ بن گئے ہیں برابر سمجھتے ہیں ۔ دونوں کو بھائی بھائی کہتے ہیں ! میں نے یہ امنڈمنٹ اسلئے لایا ہے کہ تحصیلدار یا تعلقدار اسپاٹ پر جاسکتا ہے ۔ اسپاٹ انکوائیری کرسکتا ہے ۔ منصف کو عدالت میں یہ سب باتیں صحیح طور پر کسطرح معلوم ہونگی کہ

What was the land? what was he paying? what was the rent? for how many years was he paying? all these things, a spot enquiry alone will disclose.

عدالت اسپاٹ انکوائیری کہاں کرتی ہے ۔ کیا کوئی منصف پنڈی میں بیٹھکر جاکر اسپاٹ انکوائیری (Spot enquiry) کرتا ہے ۔ اسکے برخلاف شکمیدار درخواست دے تو تحصیلدار چونکہ اسکے کام کی نوعیت انتظامی ہوتی ہے وہ دورہ میں مقامات اور مواضعات کا دورہ کرتے وقت اسپاٹ انکوائیری کرکے زمین کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتا ہے ۔ حقوق کے بارے میں معلوم کرسکتا ہے کہ کس کا پٹہ ہے اس کا کتنا حصہ ہے اوس کا کتنا حصہ ہے ۔ اسکے تصفیہ کے لئے عدالت میں جانے کی ضرورت نہیں پڑتی ۔ یہ زمین کا مسئلہ ہے اسلئے ۳۷ کے تحت تحصیلدار موقع معائنہ کرکے تصفیہ کرتا ہے (If they are not to be dealt under the Tenancy Act)

ہزاروں بالمقطعہ‌جات ہیں ۔ اسلئے اسکو میں نے لایا ہے ۔ اسکے علاوہ

About retrospective effect —

اب تک جو سوشن ہوتا آیا ہے اسکے بارے میں بھی نہیں کہا گیا ۔ کیا آپ اسکو الو (Allow) کرتے ہیں جو پیسہ لیکر بیٹھے ہیں ۔ میں ایک ایکزامپل(Example) دیتا ہوں ۔ ایک کولے گاری راما مقطعہ‌دار ہے جو بیس ہزار روپئے غیر قانونی طور پر وصول کرچکا ہے جسکے خلاف ایک دعوی ہے ۔

Mr. Speaker: Rule 105 of the rules is to this effect :

"On the motion for leave to introduce a bill, the mover may make a *brief* explanatory statement. If the motion is opposed, the Speaker may permit a *brief* explanatory statement from the member who opposes and a *brief* reply from the mover and shall then without further debate put the question thereon......."

میں لفظ " بریف " پر توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ آپ نے یہ سب چیزیں پہلے پیش کی ہیں ۔ انکا جواب دیا گیا ۔ پھرسے یہ چیزیں دہرائی جائیں تو یہ کسطرح ہوگا ۔ رول ۱۰۵ کے پراویژن کی پابندی ضروری ہے ۔ " بریف ریلائی " (Brief reply) کے معنوں کو پیش نظر رکھکر تقریر کیجئے ۔ ورنہ مجھے یہ کہنا پڑیگا کہ یہ بریف ہے ، یہ نہیں ہے ۔

شری جی ۔ سری راملو ۔ ٹھیک ہے ۔ رٹراسپکٹیو افکٹ کے بارے میں سوچیں تو مناسب ہے ۔ ۸ ٹائیمس کی جو پابندی رکھی گئی ہے وہ پابندی ہونی چاہئے ۔ ڈپٹی‌کلکٹر (۵) ٹائیمس رکھ سکتا ہے ۔ میں نے تھری ٹائیمس رکھا ہے خالصہ زمینات کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ منسٹر صاحب اسکی وضاحت کریں تو اچھا رہیگا ۔

شری کے ۔ وی رنگاریڈی ۔ اسپیکرسر....

مسٹر اسپیکر ۔ میں مجبور ہوں ۔ اب کوئی موقع نہیں ہے ۔

شری جی ۔ سری راملو ۔ ممکن ہے آنریبل منسٹر اب اپنا خیال بدل کر اسے موو کرنے کی اجازت دینے کے بارے میں کہنا چاہتے ہوں ۔

Mr. Speaker: The question is :

"That leave to introduce 'The Hyderabad Land Revenue (Amendment) Bill, 1953' be granted".

The motion was negatived.

L. A. Bill No. XXVI of 1953, the Hyderabad Money Lenders (Amendment) Bill, 1953

Mr. Speaker: We shall now proceed to the next item.

Shri K. Venkatrama Rao: Sir, I beg to move:

"That L.A. Bill No. XXVI of 1953, the Hyderabad Money Lenders (Amendment) Bill, 1953 be read a first time."

Mr. Speaker: Motion moved.

* شری کے - وینکٹ رام راؤ (چنا کنڈور) - میں نے جو بل پیش کیا ھے وہ قانون قرض دھندگان کی دفعہ (۲) کے ضمن ۱۰ و ۱۱ میں ترمیم کے لئے ھے - ضمن (۱۰) کاشتکار کی تعریف سے متعلق ھے اور ضمن (۱۱) مزدور کی تعریف سے متعلق ھے - یہاں کاشتکار اور مزدور کی جو تعریف کی گئی ھے پورے قانون پر اس کا اطلاق ھوتا ھے - اسکے بموجب کاشتکار اور مزدور کو جو تھوڑا بہت فائدہ قانون قرض دھندگان کے تحت پہنچنا چاھئے وہ حالیہ تعریف کے لحاظ سے نہیں پہنچتا - پہلے میں کاشتکار کی تعریف سناتا ھوں جو ضمن (۱۰) میں ھے -

" کاشتکار " سے مراد اوس شخص سے ھوگی جو قانون انسداد انتقال زرعی اراضی نشان (۳) سنہ ۱۳۴۹ف کے مفہوم میں زراعت پیشہ طبقہ کا رکن ھو اور جس کی گزر بسر کا اصل ذریعہ زراعت ھو۔

اس میں سے میں نے " جو قانون انسداد انتقال زرعی اراضی نشان (۳) سنہ ۱۳۴۹ف کے مفہوم میں زراعت پیشہ طبقہ کا رکن ھو اور " کے الفاظ نکالدینے کے لئے ترمیم پیش کی ھے اور یہ نکالدینے کے بعد کاشتکار کی تعریف یہ ھوگی -

" کاشتکار " سے مراد اوس شخص سے ھوگی جس کی گزر بسر کا اصل ذریعہ زراعت ھو۔

اسکے ساتھ مزدور کی تعریف ضمن (۱۱) میں یہ ھے -

"مزدور " سے مراد اوس شخص سے ھوگی جو محض جسمانی محنت سے اپنی روزی کماتا ھو اور جس کو بشکل نقد یا جنس روزانہ ایک روپیہ یا ماھانہ تیس روپئے سے زائد اجرت نہ ملتی ھو۔

اس میں سے " اور جسکو بشکل نقد یا جنس روزانہ ایک روپیہ یا ماھانہ تیس روپیہ سے زائدا جرت نہ ملتی ھو " کے الفاظ نکالدینے کے لئے ترمیم پیش کی ھے۔ قانون انسداد انتقال زرعی اراضی اب نافذالعمل نہیں ھے - وہ منسوخ ھوچکا ھے اس میں جو تعریف کاشتکار کی گئی ھے وہ ھم جانتے ھیں کہ فرقہ وارانہ بنیاد پر مبنی ھے - یعنی یہ کہ اگر کوئی شخص کسی فرقہ سے تعلق رکھتا ھو چاھے وہ زراعت پیشہ ھو یا نہو کاشتکار کی

تعریف میں داخل کیا گیا ہے ۔ ان فرقوں سے ہٹکر اگر کوئی شخص ذاتی طور پر زراعت کرتا بھی ہوتو وہ کاشتکار کی تعریف میں نہیں آسکتا ۔ اس وجہ سے اس قانون کے تحت جو فائدہ دفعات ۱۱ و ۱۲ کے لحاظ سے ملنا چاہئے اس سے وہ محروم ہو جاتا ہے ۔ دفعہ ۱۱ یہ ہے کہ اس قانون کے احکام کسی ایسے قرضہ سے متعلق نہونگے جو اس قانون کے نفاذ سے پہلے دیا گیا ہو ۔ اس میں اصل سے بڑھکر سود نہیں دلایا جاسکتا ۔ اس رعایت کا فائدہ اس شخص کو ملیگا جو " کاشتکار " ہو ۔ اور کاشتکار ہونے کے معنی یہ ہے کہ وہ مخصوص فرقوں سے تعلق رکھتا ہو ۔ سکشن (۱۲) کے لحاظ سے مدیون ڈگری اس قانون کے نفاذ کے قبل کا ہو تو ڈگری کے سلسلے میں اقساط دی جاسکتی ہیں ۔ اس سلسلے میں بھی جیسا کہ میں نے دفعہ (۱۱) کے سلسلہ میں عرض کیا بعض مخصوص فرقوں سے تعلق رکھنے والے اشخاص کاشتکار کہلاتے ہیں اور اگر ان میں سے نہوں تو کاشتکار ہونے کے باوجود بھی اس سے محروم رہتے ہیں ۔ قانون انسداد انتقال زرعی اراضی منسوخ شدہ قانون ہے قانون قرض دہندگان کی غرض کے لئے اسکورفر (Refer) کرنے کی ضرورت داعی ہوتی ہے دفعہ (۱۰) کے تحت کوئی ڈسکریمینیشن (Discrimination) نہیں کیا جاسکتا اسکے باوجود بھی ۱۳ کی زد میں آتے ہیں ۔ یہ قانون کا اسقدر جزو ڈکٹم آف سیویریبلیٹی (Dictum of Severability) اپلائی ہوتا ہے ۔ اسکے ذریعہ منسوخ العمل سمجھا جاسکتا ہے ۔ لیکن حال حال میں ضابطہ دیوانی میں جو ترمیم ہوئی ہے اسکے لحاظ سے تحت کی عدالتیں کانسٹی ٹیوشنل کوئسچنس (Constitutional Questions) کا تصفیہ نہیں کرتیں بلکہ اسے ہائیکورٹ کو رفر کرتی ہیں اور ہائیکورٹ سے تصفیہ ہوتا ہے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اب ۴ ۔ ۳۰ ہوچکے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ آپ کچھ اور وقت لینگے ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ جی ہاں ۔

The House then adjourned for recess till Five of the Clock.

The House re-assembled after recess at Five Minutes Past Five of the Clock.

[Mr. Deputy Speaker in the Chair]

Question of the Privilege of the House

Shri V.D. Deshpande (Ippaguda): Mr. Speaker, Sir, I have to raise an issue relating to the privilege of this House.

ہاؤز کے پریولیج کے تعلق سے میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور اس سے پہلے بھی میں نے عرض کیا تھا کہ اس ہاؤز کے اطراف پانچ سو گز تک کوئی نہیں آسکتا ۔ پولیس کا

گھیرا پڑا ہوا ہے - عوام کو ہم سے الگ رکھنے کی حکومت کی جانب سے کوشش کی جارہی ہے حالانکہ ہم عوام کے نمائندے ہیں - تلنگانے کے ایک ہزار کسان اسپیکر صاحب کے پاس پٹیشن (Petition) پیش کرنا چاہتے ہیں انہیں یہاں آنے نہیں دیاجا رہا ہے - وہ صرف ہاؤز کے کمپاؤنڈ تک آنا چاہتے ہیں لیکن انہیں روکا جارہا ہے - آنریبل ہوم منسٹر کے متعلق مشہور ہے کہ " آنریبل منسٹر فار سکشن (۱۴۴) فائرنگ اینڈ لاٹھی چارج "

(Hon. Minister for section144, Firing and Lathi Charge)

پچھلے زمانے میں جب سشن چل رہا تھا اوس وقت بھی یہی ہوا ہے - آپ پر ہمارے حقوق کی حفاظت کی ذمہ‌داری ہے اسلئے میں آپ سے درخواست کرونگا کہ آپ حکومت اور خاص طور پر ہوم ڈپارٹمنٹ کو ہدایت دیں کہ عوام کو جو روکا جارہا ہے اس طرح روکنے کی ضرورت نہیں ہے - ہر سشن میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کردیا جاتا ہے - عوام جو ہم تک آنا چاہتے ہیں اونہیں روکاجا رہا ہے - آج ایک ہزار کسان آئے ہوئے ہیں اور مسٹر اسپیکر کو پٹیشن دینا چاہتے ہیں اسلئے میں درخواست کرونگا کہ انہیں آنے کی اجازت دیجائے - صرف ہاؤز کے کمپاؤنڈ تک آنے کی اجازت دیجائے تو مناسب ہے -

उद्योग तथा श्रम मंत्री (श्री. व्ही. के. कोरटकर): अिसके बारे में गव्हर्नमेंटको कोअी अित्तिला नहीं है कि अेक हजार किसान यहां आये हैं और वे पिटिशन (Petition) देना चाहते है और किसको देना चाहते हैं। जब तक अिसकी अित्तला नहीं होती अिसके बारे में कोअी खास अितजाम नहीं किया जा सकता। आज जो पुलिस का अितजाम है वह वैसा ही है।

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میں انتظام نہیں مانگ رہا ہوں - میں یہ کہہ رہا ہوں کہ دفعہ ۱۴۴ جو نافذ کیا گیا ہے وہ اٹھا لیا جائے - ہم ذمہ داری لیتے ہیں کہ وہ پرامن طریقے پر یہاں آئینگے اور اسپیکر صاحب کے پاس پٹیشن پیش کرکے چلے جائینگے -

श्री. वि. के. कोरटकर:—स्पीकर साहब के पास पिटीशन किस लिये देना चाहते हैं। अिसकी वजह क्या है। अगर वे स्पीकर साहब को ही देना चाहते हैं तो सुबह या दोपहर में आकर दे सकते हैं। हा अुस चालू है अुसी वक्त देने की कोअी जरूरत नहीं है। स्पीकर साहब का मकान खाली है, वहां पर जाकर भी दे सकते हैं।

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - یہ اسمبلی ہے اور اسمبلی عوام کی ہوتی ہے - ایسی صورت میں انہیں ہاؤز کے کمپاؤنڈ تک آنے سے کیوں روکا جاتا ہے - ہر سشن میں کیوں دفعہ ۱۴۴ نافذ کیا جاتا ہے اور عوام کو کیوں اس طرح یہاں آنے سے روکا جاتا ہے -

श्री. वि. के. कोरटकर:—मैं अर्ज करता हूं कि हर सेशन के वक्त तो अैसा नहीं हुआ है। पहले दो सेशन हो चुके हैं। पिछले सेशन के वक्त जो कुछ हुआ था वह तो अपोजिशन के लीडर को मालूम है। हमको मालूम है और सब को मालूम है और दफा १४४ क्यों लगाया गया है अिसके बारे में चीफ मिनिस्टर साहब ने अिसके पहले जवाब दिया है कि गवर्नमेंट ने अिसके लिये

कोओ हुक्म नहीं दिया है। मैजिस्ट्रेट के पास क्या शहादत है, क्या चीजें सामनें है वह मालूम नहीं है। अैसी सूरत में जो दफा जिस वक्त लागू है वह वैसा ही लागू रहेगा और पिटिशन देना कोओ जितनी बडी चीज नहीं है। स्पीकर साहब के मकान पर जा कर भी दे सकते हैं।

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - دفعہ ۱۴۴ کے متعلق گورنمنٹ سے کنسلٹ (Consult) کرکے غور کریں گے - اس وقت جو لوگ آئے ہیں ان میں سے ایک یا دو نمائندوں کو اسپیکر صاحب کے پاس آکر پٹیشن پیش کرنے کی اجازت دیجاسکتی ہے -

L. A. Bill No. XXVI of 1953, the Hyderabad Money Lenders (Amendment) Bill, 1953

* **شری کے - وینکٹ رام راؤ** - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ دفعہ ۲ ضمن ۲ دستور کی دفعہ ۱۱ کی وجہ سے اپنی موت آپ مر رہا ہے - عدالتوں کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ یہ ڈکلیر (Declare) کریں کہ یہ دفعہ دستور ہند کے خلاف ہے - تحت کی عدالتوں کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ کسی ایکٹ کو کانسٹیٹیوشنل (Constitutional) یا ان کانسٹی ٹیوشنل (Unconstitutional) قرار دیں - اس طرح کی پیچیدگیاں ہیں اس طرح ڈسکریمینیشن (Discrimination) نل اینڈ وائڈ (Null and void) ہو رہا ہے - اسلئے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے - مزدور کے سلسلہ میں یہ عرض کرونگا کہ مزدور کی تعریف میں وہ شخص داخل ہے جسکو ماہانہ تیس روپیہ اجرت ملتی ہو - اگر کسی کو تیس روپیہ سے ایک پائی بھی کم ملتی ہے تو وہ مزدور کی تعریف میں داخل نہیں ہوسکتا ....

آپ ہم سب کو معلوم ہے کہ افراط زر کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوگیا - مزدوروں نے جدوجہد کرکے اپنی تنخواہوں میں اضافہ کو منوالیا - لیکن لیوینگ انڈکس (Living Index) بڑھ جانے کی وجہ سے اس کا کوئی فائدہ اون کو نہیں ہوا - اسی وجہ سے میں نے قانون قرض دھندگان میں ترمیم لائی ہے ورنہ اس ترمیم کے بغیر وہ سہولتیں جو اس قانون کے ذریعہ مہیا کی گئی ہیں وہ مزدوروں کی اکثریت سے غیر متعلق ہو جائینگی - اور نتیجہ کے طور پر وہ سہولتیں بیکار ہوجائینگی - اس وجہ سے میں نے کاشتکار اور مزدور کی تعریف میں ترمیم لائی ہے - میں اس آنریبل ہاؤز سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ میرے اس بل کو منظور فرمالے -

شری گوپال راؤ اکبوٹے (چادر گھاٹ) - حیدرآباد منی لینڈرس ایکٹ کا اصل قانون اردو میں ہے - لیکن پرائیویٹ بل کے ذریعہ تعریفات کی حدتک جو ترمیم پیش کی گئی ہے وہ انگریزی میں ہے - قواعد کے لحاظ سے یہ امر کہاں تک صحیح ہے میں نہیں کہہ سکتا - لیکن ایک چیز میں آنریبل موور آف دی بل (Hon. mover of the Bill) کی توجہ میں لانا چاہتا ہوں - " کاشتکار " اور " مزدور " کی جو تعریف ہے وہ اردو میں ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آدھی تعریف اردو میں رہے اور آدھی انگریزی میں -

کیونکہ آپ نے جو بل پیش کیا ہے وہ انگریزی میں ہے - جس میں آپ نے یہ بتایا ہے کہ " یہ الفاظ ڈیلیٹ کئے جائیں " - مجھے معلوم نہیں کہ آیا وہ الفاظ وہاں ہیں - لیکن یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ انگریزی میں اس کا ترجمہ بتایا گیا ہے اور اصل تعریف میں اس کا جو ترجمہ ہے اوس کو ڈیلیٹ (Delete) کرنا چاہئے - یہ سمجھنے کے بعد ھی اس پر غور کیا جاسکتا ہے - لیکن ڈائرکٹ (Direct) طور پر ڈیبیٹ کرنے کے لئے موشن لایا گیا ہے - حالانکہ اون کو یہ بتانا چاہئے تھا کہ کاشتکار اور مزدور کی فلاں فلاں تعریف جو اردو میں کی گئی ہے وہ ڈیلیٹ کی جائے - تب ھی وہ ڈیلیشن (Deletion) ٹھیک ھوسکتا تھا - یہ ایک ٹکنیکل (Technical) بات ہے اور میں سمجھتا ھوں ایسا عمل قواعد کے زیادہ مطابق ھوگا - اور آئندہ کوئی دقت اسکی تعبیر میں واقع نہیں ھوگی - اگر وہ اس طرح پیش کرتے کہ فلاں فلاں الفاظ جو اردو میں ھیں وہ ڈیلیٹ کئے جائیں تو ٹھیک ھوتا ، زیادہ مطابق قواعد ھوتا اور ان تعریفات کی قانونی تعبیر کے سلسلہ میں کوئی پیچیدگی واقع نہ ھوتی - یہ چیز آنریبل موور آف دی بل کی توجہ کے لئے میں پیش کرنا چاہتا ھوں - تا کہ جس مقصد کے لئے یہ ترمیمات پیش کی جارہی ھیں اور جس مقصد کے لئے یہ بل ہے وہ آئندہ چل کر فوت نہ ھو جائے - دوسری چیز اس سلسلہ میں جو عرض کرنا چاہتا ھوں وہ آنریبل منسٹر متعلقہ سے عرض کرونگا - وہ یہ ہے کہ حیدرآباد منی لینڈرس ایکٹ ایک پرانے زمانے کا قانون ہے - اس ایکٹ کے ۱۴ - ۱۰ دفعات ھیں - " کاشتکار " اور "مزدور" کے الفاظ خصوصاً دفعات (۱۱) اور (۱۴) میں دو تین جگہ آئے ھیں - ایک تو اس جگہ آتے ھیں جہاں دفعہ (۱۱) کے تحت سابقہ حساب لینے کی ضرورت ھوتی ہے - وہاں یہ سہولت دیگئی ہے کہ کاشتکار کے ذمہ اگر منی لینڈر کا بقایا ھوتو گزشتہ ۱۲ تا ۲۰ سال کے حسابات پیش کئے جائینگے - اس میں اصل اور سود الگ الگ نکالا جائیگا - جتنی بھی رقومات ھونگی اون کا اصل اور سود الگ الگ نکال کر کٹ متی مجرا دیجائیگی تا کہ سود در سود دینا نہ پڑے - دفعہ (۱۴) میں استثنائی صورت بتا کر گرفتاری کے متعلق بتایا گیا ہے کہ کوئی کاشتکار جسکی آمدنی (۵۰) روپیہ سے کم ھو گرفتار نہ ھوسکے گا - ان دفعات کے پیش نظر میں یہ چیز آنریبل منسٹر کی توجہ میں لانا چاہتا ھوں کہ اصل بل میں کاشتکار اور مزدور کی تعریف میں ترمیم کی جائے - اسکے جو دوسرے دفعات ھیں اون کے میرٹس (Merits) پر بھی میں عرض کرونگا کہ کس نقطہ نظر سے اس بل کو دیکھا جاسکتا ہے - لیکن ایک چیز میں اس معزز ایوان کے غور کے لئے رکھنا چاہتا ھوں - اس قانون میں کمپنی کے ڈیفینیشن کے سلسلہ میں خاص طور پر یہ حوالہ دیا گیا ہے کہ "کمپنی" سے مراد وہ کمپنی ھوگی جو قانون کمپنی بابتہ سنہ ۱۳۲۰ف کے تحت رجسٹر ھوئی ھو - اسی طرح نگوشیبل انسٹرومنٹس (Negotiable instruments) کی بھی اصطلاح ہے - ہمارا وہ ایکٹ اب باقی نہیں رھا - اسی طرح اور بھی جگہ مختلف الفاظ بتائے گئے ھیں - سنٹرل ایکٹ متعلق ھو جانے

کے بعد یا کانسٹی‌ٹیوشن کے نفاذ کے بعد یہ لازمی ہو جاتا ہے کہ ان دفعات میں ترمیم کی جائے تاکہ جو دقتیں پیدا ہو رہی ہیں وہ دور ہو جائیں ۔ دوسری چیز جسکی طرف میں خاص طور پر توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ دفعہ (۹) میں بھی مناسب ترمیم کرنے کی ضرورت ہے ۔ دفعہ (۹) ایک مابہ‌البحث مسئلہ بنا ہوا ہے اور اس میں تھوڑا سا اختلاف ہمارے ہائیکورٹ میں پیدا ہو رہا ہے ۔ نہ صرف یہاں بلکہ دوسری جگہ کے بھی ہائیکورٹس میں جہاں اسی کے مماثل دوسرے دفعات ہیں خصوصاً بہار منی لینڈرس ایکٹ (Bihar Money Lenders Act) میں اختلاف ہوا ہے ۔ وہ بھی میں آپ کے غور کے لئے رکھنا چاہتا ہوں ۔ ہمارے قانون کی تعبیر کے لحاظ سے جب کوئی منی لینڈر کسی کاشتکار یا مزدور کو قرضہ یا رقم دیتا ہے تو اوس وقت اوسکا لیسنس یافتہ ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ جس وقت وہ منی لینڈر رقم کی واپسی کے لئے اپنا دعوی‌عدالت میں دائر کرتا ہے اوس وقت اوس کا لیسنس یافتہ ہونا کافی ہے ۔ یہ ایک تعبیر ہے جو ان مختلف دفعات کیجا رہی ہے ۔ دوسری تعبیر یہ کی جا رہی ہے کہ جب منی لینڈنگ بزنس (Money lending business) کوریگولیٹ (Regulate) کرتا ہے تو اون مقاصد کے لحاظ سے جن کے تحت یہ قانون لایا گیا ہے یہ تعبیر زیادہ مناسب ہوگی کہ جس وقت وہ قرضہ دیتا ہے اوس وقت اوسکے پاس منی لینڈنگ کا لیسنس ہونا ضروری ہے ۔ اوس وقت اگر اوسکے پاس لیسنس نہ رہے تو یہ سمجھا جائیگا کہ عدالت اوسکے متعلق یہ قانون ان فورس (Enforce) نہیں کرسکے گی ۔ یہ ایک نظیر ہے جو عدالت العالیہ میں قائم کی جا رہی ہے ۔ اسکا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ ایک طرف منی لینڈرس پریشان ہیں کہ آیا کسی کاشتکار یا مزدور کو قرضہ دیں یا نہ دیں اور جہاں تک میرا تجربہ یا علم ہے انہوں نے اپنے بزنس (Business) کو یا تو روک دیا ہے یا مسدود کردیا ہے ۔ لیکن چونکہ کاشتکار یا مزدور کو بعض اوقات پیسہ کی سخت سے سخت ترین ضرورت ہو جاتی ہے تو بجائے ریگولیٹیڈ (Regulated) اور کنٹرولڈ (Controlled) منی لینڈنگ بزنس کے انڈرگراؤنڈ طریقہ پر زیادہ شرح سود کے ساتھ دوگنی رقم کے دستاویزات تکمیل کروالیکر یہ بزنس برابر اب بھی چل رہا ہے ۔ اس میں نہ حسابات مین ٹین (Maintain) کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ قانونی دستاویزات کے تکمیل کی ضرورت ۔ یہ دوسرا ری ایکشن (Reaction) ہو رہا ہے ۔ اس لئے اون کاشتکاروں اور مزدوروں کے لئے جن کو واقعی طور پر وقت پر رقم کی ضرورت ہوتی ہے گورنمنٹ کی جانب سے راست طور پر اس مدد کا انتظام کیا جانا چاہئے اور اسکی سہولت دیجانی چاہئے ۔ یہ بھی کہاجا رہا ہے کہ اوپن (Open) طریقہ پر مارکٹ میں قرضہ حاصل کرنے کا انتظام کرنا چاہئے ۔ لیکن چونکہ منی لینڈرس کے زیادہ منافع حاصل کرنے کا اندیشہ ہوگا اس لئے جتنا سخت کنٹرول کیا جائے اتنا ہی بہتر ہوگا ۔ لیکن اس کو اتنا بھی نہ کھینچا جائے کہ اسکا اصل مقصد یعنی ضرورت

